Downloaded From : http://cbseportal.com/

اس سوال نامے میں 19 سوالات ہیں اور 11 صفحے ہیں۔

Code No. 58/S/A/U

یہاں رول نمبر ہندسوں میں لکھئے۔ | | | | | | | | | | | | |

Set-A

# URDU

# ( اردو )

# (206)

رول نمبر الفاظ میں لکھئے ..................................................

امتحان کی تاریخ اور دن ..................................................

نگراں امتحاں کے دستخط 1. ..................................................

2. ..................................................

1 طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

2 مہربانی کرکے اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی کہ پہلے صفحے کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیں کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

3 طالب علم کو A,B,C اور D میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھنا ہے۔

4 معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں۔ معروضی سوالات کے لیے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔

5 طالب علم جواب کی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کردیا جائے گا۔

6 اپنی جواب کی کاپی پر سوال نامے کے کوڈ نمبر 58/S/A/U-A کو لکھیے۔



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

# URDU

## ( اردو )

## (206)

وقت : 3 گھنٹے ] [ کل مارکس : 100

1 مندرجہ ذیل بند کی تشریح کیجئے یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے؟ شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 6

بے وطن ہوں نہ مسافر کو ستاؤ للہ
قتل کیوں کرتے ہو تم کون سا میرا ہے گناہ
اب نہ یاوَر ہے کوئی ساتھ نہ لشکر نہ سپاہ
تم کو لازم ہے غریبوں پہ رحم کی نگاہ
ہاتھ آئے گا نہ انعام نہ زر پاؤ گے
یاد رکھو مرا سر کاٹ کے پچھتاؤ گے

**یا**

یا آدمی کو جان پہ وارے ہے آدمی
اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی
پگڑی بھی آدمی کی اُتارے ہے آدمی
چلّا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی
اور سُن کے دوڑتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

2 کون نہیں جانتا جب نئی تاریخیں حقیقتوں میں اُبھرتی ہیں تو نئے سماجی تقاضے پیدا ہوتے ہیں۔ اور نئی سچائیاں وجود میں آتی ہیں۔ اردو ایسی ہی ایک سچائی ہے۔ لسانی، سماجی اور تہذیبی سچائی جو ہندوؤں اور مسلمانوں کے صدیوں کے سابقے اور اختلاط و ارتباط سے وجود میں آئی۔ اُس وقت اُس کا کوئی نام نہیں تھا کوئی بھی سچائی جب جنم لیتی ہے اُس کا کوئی نام نہیں ہوتا۔ سچائیوں کو نام اُس وقت ملتا ہے جب وہ خانہ زاد ہوجاتی ہے۔ 8

(1) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟ اور کس مصنف نے لکھا ہے ؟

(2) کب سماجی تقاضے پیدا ہوتے ہیں؟

(3) کس طرح اردو وجود میں آئی ؟

(4) سچائیوں کو نام کب ملتا ہے؟

یا

اور اب میں اڑتالیس برس کے بعد لوٹ کے آیا ہوں۔ میرے بیٹے میرے ساتھ ہیں، میری بیوی مر چکی ہے لیکن میرے بیٹوں کی بیویاں اور ان کے بچے میرے ساتھ ہیں اور ہم لوگ سیر کرتے کرتے سمل جھیل کے کنارے آ نکلے اور اپریل کا مہینہ ہے، سہ پہر سے شام ہوگئی اور میں دیر تک پُل کے کنارے کھڑا بادام کے پیڑوں کی قطاریں دیکھتا جاتا ہوں اور خنک ہوا میں سفید شگوفوں کے گچھے لہراتے جاتے ہیں اور پگڈنڈی کی خاک پر سے کسی جانے پہچانے قدموں کی آواز سنائی نہیں دیتی۔ ایک حسین دوشیزہ لڑکی ہاتھوں میں ایک چھوٹی پوٹلی دبائے پُل پر سے بھاگتی ہوئی گزر جاتی ہے۔ میرا دل دھک سے رہ جاتا ہے۔



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(1) مندرجہ بالا پیراگراف کس سبق سے لیا گیا ہے؟ اور مصنف کا نام کیا ہے؟ لکھیے۔

(2) مصنف کتنے برس کے بعد لوٹ کے آیا ہے؟

(3) افسانہ نگار کہاں کھڑا تھا؟

(4) لڑکی کے ہاتھ میں کیا تھا؟

3 میر انیس کے مرثیہ کے بارے میں چند لائنیں لکھیے اور مرثیہ کے اجزائے ترکیبی بھی لکھیے۔ 4

یا

نظم کی تعریف لکھ کر کسی نظم گو شاعر کا نام لکھیے۔

4 ڈرامہ کسے کہتے ہیں؟ ڈرامے کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ 4

یا

کہانی کسے کہتے ہیں؟ آپ کی کتاب کے کہانی نگار کا نام لکھیے۔

5 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ 10

(1) میرا پسندیدہ شاعر

(2) ہندوستان میں موسم گرما

(3) ہولی کا تہوار

(4) اسکول کا قومی ڈے

(5) ریل کا سفر

(6) دلی کی جامع مسجد



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

6 اپنے والد کے نام خط لکھ کر درخواست کیجئے کہ آپ کو اسکول کی فیس جمع کروانے کی ضرورت ہے۔ 8

یا

اپنی بہن کے پہلا روضہ رکھنے کی خوشی (روضہ کشائی) میں اپنے دوست کو شرکت کرنے کی دعوت دیجئے۔

7 ریڈیو کسے کہتے ہیں؟ چند لائنیں لکھیے۔ 5

یا

ٹی وی ماس میڈیا کا اہم ترین حصّہ کیوں مانا جاتا ہے؟

8 فراقؔ گورکھپوری کی شاعرانہ خوبیوں پر اظہار خیال کیجئے۔ 4

یا

میر انیسؔ کے اندازِ بیان پر تبصرہ کریں۔

9 حُسن کا فلسفہ کیا ہے؟ 3

10 شاعر شہریار نے اپنی غزل میں زندگی کی کن کن باتوں کا اظہار کیا ہے؟ 3



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

11 کرشن چندر کی افسانہ نگاری کی خصوصیات چند لائنوں میں لکھیے۔ 4

**یا**

کنہیا لال کپور کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

12 سبق گزرا ہوا زمانہ میں مصنف دلہن کے ذریعے کیا سمجھانا چاہتا ہے؟ 3

13 حامد نے دست پناہ کے کیا کیا فائدے بتائے؟ 3

14 افسانہ میں صالحہ عابد حسین نے عورتوں کے کن مسائل پر توجہ دلائی؟ 3

15 متضاد الفاظ کیا ہیں؟ 3

16 اسمِ ضمیر کی تعریف لکھ کر مثال دیں۔ 3

17 نظم معرّا کسے کہتے ہیں؟ 3

18 سہل ممتنع کسے کہتے ہیں؟ 3



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

19 (1) موت کا ایک دن معین ہے نیند کیوں رات بھر نہیں آتی 01

اس شعر میں کس کے معین ہونے کی بات کہی گئی ہے؟

(A) زندگی (B) محبوب

(C) موت (D) رات

(2) امینہ کی پریشانی کا سبب کیا تھا؟ 01

(A) وہ بیمار تھی

(B) وہ اپنے پڑوسیوں سے ناراض تھی

(C) اس کے پاس عید منانے کے لیے پیسے نہیں تھے

(D) حامد بہت شرارت کرتا تھا

(3) ایک آدھ خبر پڑھنے سے کیا مراد ہے؟ 01

(A) پوری خبر پڑھنا

(B) ایک یا آدھی خبر پڑھنا ہے

(C) آدھے اخبار کی خبریں پڑھنا

(D) ڈیڑھ اخبار کی خبریں پڑھنا



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(4) درج ذیل میں کون سا جملہ فعل ہے؟ 01

(A) حامد کتاب پڑھتا ہے

(B) حامد کا کرتا سفید ہے

(C) حامد بہت خوش ہے

(D) حامد کے پاس جوتا نہیں ہے

(5) مفلس و گدا کے درمیان ''و'' کیا ہے؟ 01

(A) حرف جار

(B) حرف عطف

(C) حرفِ علّت

(D) حرف نِدا

(6) بندرا بن کس پردیش میں ہے؟ 01

(A) مدھیہ پردیش

(B) اُتر پردیش

(C) آندھرا پردیش

(D) ہماچل پردیش

(7) دلِ مضطر کے کیا معنی ہیں؟ 01

(A) بے قرار دل

(B) خواہش مند دل

(C) جس کے دل میں کوئی آرزو نہ ہو

(D) بے درد دل



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From :http://cbseportal.com/

(8) افسانہ بیان کرنے والا اڑتالیس برس بعد کشمیر کی سیر کے لیے کس کے ساتھ آیا تھا؟ 01

(A) اکیلا

(B) اپنی پچھلی بہار کی محبوبہ کے ساتھ

(C) اپنے بیٹوں اور بہوؤں اور ان کے بچوں کے ساتھ

(D) اپنی اس بہار کی محبوبہ کے ساتھ

(9) کبیرداس کے لیے عام طور پر کیا کہا جاتا ہے؟ 01

(A) کبیرداس اپنے عہد کے بہت بڑے سائنسدان تھے

(B) وہ ایشور کی پوجا میں مگن رہتے تھے

(C) کبیرداس کا پیشہ سرکاری ملازمت تھا

(D) وہ اپنے آپ کو وِشنو کا بھگت کہا کرتے تھے

(10) مدت کی جمع کیا ہے؟ 01

(A) حسرتوں (B) مدتوں

(C) الفتوں (D) امیدوں

(11) ڈرامہ آزمائش میں کل کتنے کردار ہیں؟ 01

(A) چار (B) پانچ

(C) سات (D) دس



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(12) ہستی اپنے حباب کی سی ہے　　یہ نمائش سراب کی سی ہے　　01

اس شعر میں ردیف کیا ہے؟

(A) ہے　　(B) کی سی ہے

(C) سی کی ہے　　(D) کیا کہیے

(13) ''جہاں جانے سے برسوں کے بیمار صحت مند ہوجاتے ہیں'' شاعر چکبستؔ نے کس جگہ کی آب و ہوا کا ذکر کیا ہے؟　　01

(A) نینی تال　　(B) رانچی

(C) کشمیر　　(D) دہرادون

(14) امام حسین کی گردن اپنے خنجر سے کس نے کاٹی ؟　　01

(A) سنان ابن انس　　(B) شمر

(C) یزید　　(D) زاہد

(15) مضمون نویسی کو آسان بنانے کے لیے کتنے اجزا میں تقسیم کیا گیا ہے؟　　01

(A) دو　　(B) تین

(C) پانچ　　(D) سات



Downloaded From : http://cbseportal.com/　　Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(16) خطوط کو کتنے حصّوں میں بانٹا گیا ہے؟ 01

(A) چار (B) پانچ

(C) تین (D) چھ

(17) درخواست کے ذریعے اپنا مدعا کس انداز میں بیان کرتے ہیں؟ 01

(A) حکم کے انداز میں (B) گذارش کے انداز میں

(C) تکرار کے انداز میں (D) ندامت کے انداز میں

(18) پہلی بار کمپیوٹر کونسے سن میں کہاں بنایا گیا ہے؟ 01

(A) فرانس 1939 میں (B) لندن 1937 میں

(C) برلن 1938 میں (D) روس 1936 میں

(19) کاغذ کی چھپائی کی شروعات سب سے پہلے کہاں ہوئی؟ 01

(A) بھارت (B) جاپان

(C) چین (D) لندن

(20) آج کل ہندوستان کے باہر ملکوں میں کوئی پیغام جلد کس کے ذریعہ بھیجا جاتا ہے؟ 01

(A) تار (B) ٹیلی فون

(C) انٹرنیٹ (D) خط



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

اس سوال نامے میں 19 سوالات ہیں اور 11 صفحے ہیں۔

Code No. 58/AS/4

یہاں رول نمبر ہندسوں میں لکھئے۔ | | | | | | | | | | | | |

**URDU**

**Set-A**

**(اُردو)**

**(206)**

رول نمبر الفاظ میں لکھئے ..........................................

امتحان کی تاریخ اور دن ..........................................

نگراں امتحاں کے دستخط 1. ..........................................

2. ..........................................

1 طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

2 مہربانی کرکے اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیں کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

3 طالب علم کو A,B,C اور D میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھیں۔

4 معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں۔ معروضی سوالات کے لیے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔

5 طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کردیا جائے گا۔

6 اپنی جواب کاپی پر سوال نامے کے کوڈ نمبر 58/AS/4-A کو لکھیے۔



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

وقت : 3 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل مارکس : 100

## حصّہ الف / Section-A

1 مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 6

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

ہوتی نہیں قبول دعا ترکِ عشق کی
دل چاہتا نہ ہو تو دعا میں اثر کہاں

یا

وہ صبح کو کہسار کے پھولوں کا مہکنا
وہ جھاڑیوں کی آڑ میں چڑیوں کا چہکنا
گردوں پہ شفق کوہ پہ لالے کا مہکنا
مستوں کی طرح ابر کے ٹکڑوں کا بہکنا

2 مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے لکھے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 8

بوڑھا اپنی جوانی کا زمانہ یاد کرتا ہے۔ اُمنگ بھرا ہوا دل جذبات انسانی کے جوش کی خوشی اُسے یاد آتی تھی اِن آنکھوں میں اندھیرا چھائے چھائے ہوئے زمانے میں ماں باپ جو نصیحت کرتے تھے اور نیکی اور خدا پرستی کی بات بتاتے تھے اور یہ کہتا تھا کہ ''اوہ! ابھی بہت وقت ہے'' اور



Downloaded From : http://cbseportal.com/　　Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

بڑھاپا آنے کا کبھی خیال بھی نہ کرتا تھا۔ اُس کو یاد آتا تھا اور افسوس کرتا تھا کہ کیا اچھا ہوتا اگر جب ہی میں اُس وقت کا خیال کرتا۔ اور خدا پرستی اور نیکی سے اپنے دل کو سنوارتا اور موت کے لیے تیار رہتا آہ وقت گزر گیا، اب پچھتائے کیا ہوتا ہے۔ افسوس میں نے اپنے تئیں ہمیشہ یہ کہہ کر برباد کیا کہ ابھی وقت بہت ہے۔ یہ کہہ کر وہ اپنی جگہ سے اٹھا اور ٹٹول ٹٹول کر کھڑکی تک آیا، کھڑکی کھول کر دیکھا کہ رات ویسی ہی ڈراؤنی ہے، اندھیری گھٹا چھا رہی ہے۔ بجلی کی کڑک سے دل پھٹا جاتا ہے۔

(1) بوڑھے کو جوانی میں ماں باپ کیا نصیحت کرتے تھے؟

(2) بوڑھا کیا یاد کرکے افسوس کرتا تھا؟

(3) بوڑھے کو کس بات کا پچھتاوا ہوتا ہے؟

(4) کھڑکی کھول کر بوڑھے نے کیا دیکھا؟

یا

''آریوں اور دراوڑوں کی علاحدگی کی وجہ سے بہت دنوں تک ان میں وہ اختلاط پیدا نہ ہوسکا جو مکمل امتزاج کا ضامن ہوتا ہے۔ زبانوں کے اختلاط سے تہذیبیں ایک دوسرے میں جلد مدغم ہوتی ہیں۔ لیکن یہاں دُشواری پیش آئی کہ آریہ اپنی ترقی یافتہ سنسکرت کے سامنے دراوڑی زبانوں سے بے نیازی کا اظہار کرتے رہے۔ اور دونوں زبانوں کے لِسانی ساخت میں جو اختراق ہے وہ ایک دوسرے سے الگ رہنے میں اعانت کرتا رہا۔ تاہم وقت کے ساتھ ساتھ ذات پات کی تفریق، ذرائع آمدورفت کی کمی اور برہمنوں کی مذہبی سخت گیری کے باوجود ہندوستانی تہذیب کی تشکیل اس طرح ہوتی رہی کہ اس میں ڈراوڑی رنگ کی جھلک نظر آتی ہے۔''



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(1) تہذیبیں ایک دوسرے میں جلد کیوں مدغم ہوتی ہیں؟

(2) وہ کونسی قومیں لِسانی زبانوں میں بے نیازی کا اظہار کرتے رہے؟

(3) کون دونوں زبانوں کی ایک دوسرے سے الگ رہنے کی اعانت کرتا رہا؟

(4) کن وجوہات سے ہندوستانی تہذیب کی تشکیل میں دراوڑی رنگ کی جھلک نظر آتی ہے؟

3 نظم کی تعریف لکھئے اور کسی شاعر کا نام لکھیے جن کی نظم آپ کی کتاب میں شامل ہے؟ 4

یا

مرثیہ کی تعریف لکھ کر اپنی کتاب کے مرثیہ نگار کا نام لکھیے۔

4 انشائیہ کسے کہتے ہیں؟ کتاب میں لکھے انشائیہ نگار کا نام لکھیے۔ 4

یا

آپ کے خیال میں لائبریری کسے کہتے ہیں؟

5 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم مضمون لکھئے۔ 10

(i) دلی کا موسم سرما (ii) عیدالفطر

(iii) ہمارے وزیر اعظم نریندر مودی (iv) ہمارا قومی تہوار (v) صبح کی سیر

6 اپنے دوست کو خط لکھ کر اُن کی شادی نہیں کرنے کی وجہ بیان کیجیے۔ 8

یا

اپنے علاقے کے بجلی آفیسر کے نام درخواست لکھ کر بجلی لائن دُرست کرنے کی گذارش کیجئے۔



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

7 تعلیمی میدان میں ٹیلی وزن کی کیا اہمیت ہے؟ 5

یا

اردو سوفٹ ویئر کے بارے میں چند لائنیں لکھیے۔

8 میر تقی میرؔ کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔ 4

یا

اقبال کی نظم گوئی پر ایک نوٹ لکھیے۔

9 شاعر نے ''آدمی نامہ'' نظم میں آدمی کے کردار کی کون کون سی خصوصیات ہیں ان پر روشنی ڈالیے۔ 3

10 ''چاندنی رات کا منظر'' سبق میں جوگن کون تھی؟ وہ جنگل میں کیوں گئی تھی؟ 3

11 منشی پریم چند کے بارے میں چند لائنیں لکھیے۔ 4

یا

گوپی چند نارنگ کی طرزِ تحریر پر چند لائنیں لکھیے۔



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From :http://cbseportal.com/

12 عید کی سچی خوشی کس کو ہوتی ہے؟ اور بچے سب سے زیادہ کیوں خوش ہوتے ہیں ؟ 3

13 ''ایک سوال'' افسانہ میں ہیروئن کا کیا رول ہے؟ اور اس کے بارے میں چند لائنیں لکھیے۔ 3

14 ڈرامے کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ ہر ایک کے بارے میں چند لائنیں لکھیے۔ 3

15 آتش کے معنی لکھ کر آتش لگا کر تین الفاظ لکھیے۔ 3

16 متشابہ الفاظ کی مثال دے کر تعریف لکھیے۔ 3

17 مطلع اور حسن مطلع کی تعریف لکھیے۔ 3

18 صفتِ تضاد کسے کہتے ہیں؟ 3

19 نیچے دیئے گئے ہر سوال کے چار متبادل جوابات ہیں۔ ان میں سے درست جواب چن کر اپنی کاپی میں لکھیے۔ 20



Downloaded From :http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

## Section-B / حصّہ ب اختیاری

19 ذیل میں ایک سوال کے چار جواب دیے گئے ہیں، درست جواب پر صحیح کا نشان لگائیے۔ 20

(1) بوڑھے بے ہوش کیوں ہوگیا؟ 01

(A) وہ بہت کمزور تھا

(B) وہ مایوس تھا۔

(C) اُس کے دل پر بہت بوجھ تھا

(D) اب وہ نیک کام کرنے کے لیے اس کے پاس وقت نہیں تھا

(2) ذیل میں صفت پر نشان لگائیے۔ 01

(A) بنگال (B) پنجاب

(C) مدراسی (D) گجرات

(3) آپ کی کتاب میں ''اردو ہماری زبان'' کس مصنف نے لکھا ہے؟ 01

(A) صالحہ عابد حسین (B) عتیق اللہ

(C) سرسید احمد خاں (D) گوپی چند نارنگ

(4) افراد کا واحد کیا ہے؟ 01

(A) فرد (B) شعر

(C) فہرست (D) جانور



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(5) مفلس و گدا کے درمیان ''و'' کیا ہے؟ 01

(A) حرف جار (B) حرف عطف

(C) حرف علّت (D) حرف بیان

(6) کُجا کے کیا معنی ہیں؟ 01

(A) کب (B) کہاں

(C) کیوں (D) کیا

(7) کھلونے دے کے کس کو بہلایا جارہا ہے؟ 01

(A) بچے کو (B) بوڑھے کو

(C) انسان کو (D) کسی کو بھی نہیں

(8) ارے یہ کیا ''!'' میں علامت ''!'' کو کیا کہتے ہیں؟ 01

(A) ندائیہ نشان (B) مجائیہ نشان

(C) استعجابیہ نشان (D) سوالیہ نشان

(9) تہذیبوں کا ایک دوسرے میں مدغم ہونے کے کیا معنی ہیں؟ 01

(A) ایک دوسرے سے الگ الگ رہنا (B) ایک دوسرے کی مدد کرنا

(C) ایک دوسرے میں گھل مل جانا (D) ایک دوسرے کا مذاق بنانا



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(10) موہ مایا کے کیا معنی ہیں؟ 01

(A) دولت سے محبت (B) اولاد سے محبت

(C) جائیداد سے محبت (D) جانوروں سے محبت

(11) شاعر نے کس ملک کے بارے میں ''دھانی آنچل والی تو ہے'' کہا ہے؟ 01

(A) ایران (B) ہندوستان

(C) عراق (D) پاکستان

(12) کس نامہ نگار نے ''ڈرامہ آزمائش'' لکھا ہے؟ 01

(A) راجندر سنگھ بیدی (B) پروفیسر مجیب

(C) حبیب تنویر (D) ریوتی شرن شرما

(13) اچھے افسانے کی خصوصیات کیا ہیں؟ 01

(A) اس کے کردار بہت زیادہ ہوں

(B) کردار اور پلاٹ میں تال میل نہ ہو

(C) واقعات تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں

(D) افسانے کا پلاٹ مختصر اور بامقصد ہو۔



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(14) پگڑی اُتارنے کا کیا معنی ہے ؟ 01

(A) سر کو ننگا کرنا
(B) پگڑی اتار کر رکھ دینا
(C) بے عزت کرنا
(D) عزت بڑھانا

(15) حضرت محمدؐ کے نواسہ کون تھے ؟ 01

(A) حضرت نوح
(B) حضرت امام حسینؑ
(C) حضرت عباس
(D) حضرت عثمان

(16) خط کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟ 01

(A) پانچ قسمیں
(B) چار قسمیں
(C) تین قسمیں
(D) چھ قسمیں

(17) کاغذ کی چھپائی کی شروعات کون سی صدی میں ہوئی؟ 01

(A) دسویں صدی میں
(B) گیارہویں صدی میں
(C) بارہویں صدی میں
(D) تیرہویں صدی میں

(18) کمپیوٹر کی کون سی صدی کہلاتی ہے؟ 01

(A) انیسویں صدی
(B) اٹھارویں صدی
(C) سترویں صدی
(D) اکیسویں صدی



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(19) متحرک فوٹوگرافی کی ایجاد کب ہوئی؟ 01

(A) 1980 (B) 1770

(C) 1890 (D) 1850

(20) دلی میں ٹیلی ویژن کی نشریات کا آغاز کب ہوا؟ 01

(A) 15 ستمبر 1959 (B) 15 اگست 1964

(C) 2 اکتوبر 1962 (D) 30 جولائی 1960



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : NIOS